| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 5 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

سبق کا نام: سُورج (دہرائی)

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- بنیادی سمتوں کے نام بیان کر سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ سورج مشرق سے نکلتا ہے اور مغرب میں غروب ہوتا ہے۔
- سکول اور گھر کے مشرق، مغرب، شمال اور جنوب کی طرف موجود جگہوں کے نام بتا سکیں۔
- سائے کی بناوٹ کو بیان کر سکیں۔
- جان سکیں کہ سائے کا رُخ اور جسامت، وقت کا اندازہ لگانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## طریقہ تدریس: 10منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا نام ''سورج'' لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو سبق کے اہم نکات بتائیں کہ یہ کائنات ان گنت اجرامِ فلکی پر مشتمل ہے سورج بھی اس کائنات کا ایک اہم ستارہ ہے جو کہ زمین سے 150 ملین کلو میٹر دور ہے۔ انھیں بتائیں زمین سمیت نظامِ شمسی میں 8 سیارے ہیں جو مقرّرہ فاصلوں پر سورج کے گرد گھوم رہے ہیں۔
- طلبہ کو بنیادی سمتوں اور سایہ کی بناوٹ کی بھی دہرائی کروائیں۔
- دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

## اعادہ: 10منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## جائزہ:

N/A

گھر کا کام:

N/A

ورک شیٹ 20منٹ

| نام: ___________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: سُورج (دہرائی) |
| --- | --- | --- |

**سوال نمبر 1: درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

ا۔ محوری گردش سے کیا مراد ہے؟

______________________________


۲۔ اشیا یا اجسام کے سائے کب لمبے ہوتے ہیں؟

______________________________


۳۔ سایہ کس طرح اور کس طرف بنتا ہے؟

______________________________

**سوال نمبر 2: بنیادی سمتوں کے نام لکھیں۔**



**سوال نمبر 3: نظامِ شمسی میں موجود سیاروں کے نام لکھیں۔**



| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 5 دوسرا دن | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: وسائل اور ان کی اقسام

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اصطلاح "وسائل" کی تعریف بیان کر سکیں۔
- وسائل کی اقسام (قدرتی وسائل، انسانی وسائل، اور سرمائے کے وسائل) بتا سکیں۔
- قدرتی وسائل (پودے، جانور، پانی، ہوا، زمین، جنگلات اور مٹی وغیرہ) انسانی وسائل (کسان، معمار اور مصوّر وغیرہ) اور سرمائے کے وسائل (ٹرک، کمپیوٹر اور صنعتی عمارتیں وغیرہ) کی شناخت کر سکیں۔
- اشیا، خدمات، خریدار اور فروخت کنندہ کی تعریف بیان کر سکیں۔
- اپنے علاقے کی اہم اشیا اور خدمات کی شناخت کر سکیں۔
- ایک دوسرے پر انحصار کی ضرورت کو سمجھ سکیں کیوں کہ تمام اشیا اور خدمات ہر علاقے میں دستیاب نہیں ہوتیں۔
- قِلّت (کمیابی) کی تعریف بیان کر سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ لوگ اشیا اور خدمات محدود ہونے کی صورت میں معاشی انتخاب کرتے ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## طریقہ تدریس: 10 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آج ہم سبق "وسائل اور ان کی اقسام" کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کے لیے تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو بتائیں ہم اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جن اشیا کو استعمال کرتے ہیں وہ وسائل کہلاتی ہیں۔ انھیں وسائل کی تینوں اقسام کی مثالیں دے کر وضاحت کریں۔
- انھیں اشیا اور خدمات میں فرق واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں ہم اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک دوسرے پر انحصار کرتے ہیں جیسے باہمی انحصار کہتے ہیں۔

- طلبہ کو قلّت کے تصوّر سے بھی آگاہ کریں کہ جب وسائل لوگوں کی ضروریات کے لحاظ سے کم ہوں تو ایسی صورت میں متبادل اشیا کا انتخاب کرنا معاشی انتخاب کہلاتا ہے۔
- سبق کے اہم نکات کی دہرائی کے بعد ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** **10 منٹ**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

**ورک شیٹ** **20 منٹ**

| | | |
|---|---|---|
| نام: __________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: وسائل اور ان کی اقسام |

**سوال 1: درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

۱: وسائل کسے کہتے ہیں؟

______________________________

۲: اشیا اور خدمات میں کیا فرق ہے؟ مثالیں دیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

**سوال 2: درج ذیل میں سے اشیا اور خدمات الگ الگ کریں۔**



| آشیا | خدمات |
|---|---|
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |

**سوال3: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

۱۔ وسائل کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار

۲۔ مریضوں کا علاج کرتے ہیں:

(الف) ڈاکٹر (ب) وکیل (ج) اُستاد

۳۔ اُستاد، درزی، پائلٹ وغیرہ ہمیں مہیا کرتے ہیں:

(الف) اَشیا (ب) دولت (ج) خدمات

۴۔ اشیا محدود ہو جانے یا ختم ہو جانے کو کہتے ہیں:

(الف) اشیا کی فراوانی (ب) مہارت (ج) اشیا کی قلّت

۵۔ چیزیں بیچنے والے کو کہتے ہیں:

(الف) باہمی انحصار (ب) خریدار (ج) فروخت کنندہ

**سوال4: انسانی اور سرمائے کے وسائل کے نام لکھیں۔**

| انسانی وسائل | سرمائے کے وسائل |
|---|---|
| | |
| | |
| | |

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 5 تیسرا دن | اُستاد کا نام: ____ |

**سبق کا نام: قدرتی وسائل کا تحفّظ**

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- بیان کر سکیں کہ انسان نے کس طرح قدرتی ماحول کو تبدیل کیا ہے۔
- آلودگی کی تعریف بیان کر سکیں۔
- آلودگی کی مختلف اقسام (زمینی، آبی، فضائی اور صوتی) بیان کر سکیں۔
- قدرتی وسائل کے تحفظ کے لیے تجاویز دے سکیں۔
- پیش گوئی کر سکیں کہ اگر تمام قدرتی وسائل ختم ہو جائیں تو کیا ہو گا؟
- خطرے سے دوچار (نایاب) جانوروں (انڈس ڈولفن، مارخور، کالا ہرن وغیرہ) کی شناخت کر سکیں۔
- خطرے سے دوچار (نایاب) جانوروں کے تحفّظ کے لیے تجاویز دے سکیں۔
- ناپید جانوروں (ڈائینوسار وغیرہ) کی نشان دہی کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## طریقہ تدریس: 10منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- تختہ تحریر پر سبق کا نام لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں آج ہم اس سبق کی دہرائی کریں گے تاکہ امتحان کی تیاری مزید بہتر ہو جائے۔
- طلبہ کو قدرتی ماحول اور قدرتی وسائل کے بارے میں بتائیں۔ قدرتی وسائل کا استعمال، ماحول میں منفی اثرات ڈال رہا ہے۔ جیسے جنگلات کے کٹاؤ کی وجہ سے جنگلی حیات کے مساکن کو خطرات لاحق ہیں۔ انسانی سرگرمیوں کے نتیجے میں دھواں اور زہریلے مادوں کا ماحول میں شامل ہونا، آلودگی کہلاتا ہے۔
- انھیں بتائیں قدرتی وسائل کا بچاؤ ہمارے لیے بہت اہم ہے۔ غیر قانونی شکار اور جنگلات کے مسلسل کٹاؤ کی وجہ سے جانوروں کی تعداد میں کمی ہو رہی ہے اور ایسے جانور جن کی نسل ختم ہونے کا خطرہ ہو، نایاب جانور کہلاتے ہیں۔ جبکہ ایسے جانور جو پہلے کبھی اس دنیا میں موجود تھے لیکن اب ان کی نسل سے کوئی جانور موجود نہیں، ناپید جانور کہلاتے ہیں۔

- اہم نکات کی دہرائی کے بعد طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ حل کریں۔

**اعادہ:** **10منٹ**

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

**ورک شیٹ** **20منٹ**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:__________** | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: قدرتی وسائل کا تحفّظ (دہرائی)** |

**سوال 1: درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

ا: پانی کی کمی سے کون کون سے مسائل پیدا ہو رہے ہیں؟

_______________________________________________

۲: خطرے سے دوچار جانور کون کون سے ہیں؟

_______________________________________________

**سوال 2: کالم "الف" کو مطابقت کی بنیاد پر کالم "ب" سے ملائیں۔**

| | کالم الف | | کالم ب |
|---|---|---|---|
| ● | زیادہ سے زیادہ درخت | ● | جنگلات کے کٹاؤ میں اضافہ ہو رہا ہے۔ |
| ● | ہمیں توانائی کے | ● | پانی اور جنگلات وغیرہ شامل ہیں؟ |
| ● | قدرتی وسائل میں ہوا، | ● | لگانے چاہییں۔ |
| ● | بڑھتی ہوئی آبادی کی وجہ سے | ● | متبادل ذرائع استعمال کرنے چاہییں۔ |
| ● | نایاب جانوروں کے | ● | درجہ حرارت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ |
| ● | جنگلات کے کٹاؤ سے زمین کے | ● | شکار پر پابندی لگائی جانی چاہیے۔ |

سوال3: کوئی سے تین نایاب اور ناپید جانوروں کے نام لکھیں۔

| ناپید جان دار | نایاب جان دار |
|---|---|
| | |
| | |
| | |

سوال4: نایاب جانوروں کے تحفّظ کے لیے کیے جانے والے چند اقدامات لکھیں۔

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________